یوم آزادی پر اسٹیٹ بینک میں خصوصی نمائش ہوگی

کراچی (11 اگست): اسٹیٹ بینک کے میوزیم اور آرٹ گیلری کے شعبے نے اپنی روایت کے مطابق 14 اگست کو یوم آزادی کے مبارک موقع پر خصوصی نمائش کا اہتمام کیا ہے۔ نمائش کا بنیادی مقصد نوجوان نسل کو آزادی کی تاریخ اور اس کے بعد کی جدوجہد کے بارے میں آگہی فراہم کرنا ہے۔

اس سال نمائش اس اعتبار سے منفرد ہے کہ یہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ دونوں حصے 1947ء سے آج تک کے واقعات تاریخی ترتیب میں شامل کیے گئے ہیں۔ ضروری ہے کہ نوجوان نسل نہ صرف جدوجہد آزادی پر فخر محسوس کرے بلکہ اس نئی مملکت کو درپیش مشکلات اور مسائل سے بھی آگاہ ہو۔

پہلے حصے میں 1947ء سے 2014ء تک کے اخبارات کے تراشوں کے ذریعے پاکستان کی تاریخ کو اجاگر کیا گیا ہے جبکہ دوسرے حصے میں سیاسی رہنماؤں اور اہم واقعات کی کمیاب تصاویر کے ذریعے پاکستان کی سیاسی تاریخ پیش کی گئی ہے۔

تحریک پاکستان ایک تاریخ ساز اور کامیاب سیاسی تحریک تھی جس نے مغرب میں چار یونٹس اور مشرق میں بنگال کے ایک حصے کو یکجا کر کے ایک آزاد قومی ریاست کو جنم دیا۔

☆☆☆